Tarjuma Tul Quran Majeed - FA Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 13 Short Questions Test

Q1. سورہ البقرہ کو سورہ البقرہ کیوں کہا جاتا ہے.

Ans 1: سورۃ البقرہ کی آیات سرسٹھ تا تہتر میں اس گائے کا واقعہ مذکور ہے جسے زبح کرنے کا حکم بنی اسرائیل کودیا گیا تھا- اس لیے اس سورت کا نام سورہ البقرہ ہے.

Q2. سورۃ التوبہ میں مسجد کی نگرانی کے لیے کس چیز کو لازمی قرار دیا گیا ہے.

Ans 1: مسجد کی تعمیر اور نگرانی کے لیے ایمان کامل کو لازمی قرار دیا گیا ہے.

Q3. غزوہ احد سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے.

Ans 1: اس غزوہ سے یہ بات عملی طور پر ثابت ہوگئی کہ رسول اللہ خاتم النبین کے حکم کو فراموش کرنے اور نظم و ضبط ترک کرنے سے کتنا نقصان اٹھانا پڑ سکتا ہے.

Q4. سورۃ التوبہ کو سورۃ البراءۃ کیوں کہا جاتاہے.

Ans 1: سورۃ البرءۃ اس لیے کہا جاتا ہے کہ براءت کےمعنی کسی سے بری، بے زار، قطع تعلق اور دست بردار ہونا ہے. اس سورت کے شروع ہی میں اللہ تعالیٰ نے مشرکین سے بری الزمہ ہونے کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم انبین مشرکین سے بے نیاز اور قطع تعلق ہیں-

---

Q5. مال و اولاد کی محبت فتنہ کب بنتی ہے.؟

Ans 1: مال و اولادکی محبت میں حد سے بڑھ جانا فتنے کا باعث ہے.

Q6. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے سورہ البقرہ کے بارے میں کیا فرمایا.

Ans 1: سورۃ البقرہ قرآن مجید کی سات طویل سورتوں میں سب سے بڑی سورت ہے- ان سورتوں کے متعلق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے قرآن مجید کی سات طویل سورتوں کے علم کو حاصل کرلیا وہ بہت بڑا عالم بن گیا.

Q7. سورۃ الانفال کی روشنی میں سچے ایمان والے کون ہیں؟

Ans 1: سچے ایمان والے وہ ہیں جو اللہ تعالی کی راہ میں ہجرت اور اس کی راہ مین جہاد کرتے ہیں- وہ آپس میں خیر خواہی اور ضرورت کے وقت ایک دوسے کی مدد کرتے ہیں-

---

Q8. سورۃ الانفال میں اہل مکہ کے کردار کو کس سے تشبیہ دی گئی ہے؟

Ans 1: مکہ مکرمہ میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین اعلان نبوت کے بعد تیرہ سال مقیم رہے- اس دوران مکہ مکرمہ کے کفار نے نبی کریم صلی اللہ خاتم النبین اور آپ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے جاں نثار صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کو طرح طرح سے ستانے اور ناقابل برداشت تکلیفیں پہنچانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی.

Q9. سورہ ال عمران قرآن مجید کی ترتیب کے لحاظ سے کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورہ ال عمران قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے تیسری سورت ہے.

Q10. لفظ کے معنی تحریر کریں- لاتحمل علینا- مولنا- غفرانک

Ans 1: لاتحمل علینا- ہم نہ ڈال - مولنا- ہکار کار ساز - غفرانک- تیری بخشش